مفید بحثیں درج ہیں ـــــ اگرچہ نامکمل ہیں!

اس کے بعد "اسلامی عدل گستری"، "عہد نبوی کا نظامِ تعلیم"، "جاہلیت عرب کے معاشی نظام کا اثر مملکت اسلامیہ پر"، "عہد نبوی میں سیاست کاری کے اصول"، "تالیفِ قلبی"، "ہجرت یا نوآبادکاری" اور "آنحضرت اور جوانی" بھی قابل قدر بحثیں ہیں، جن میں بہت سا ایسا مواد ہے جو اردو داں طبقہ کے سامنے کبھی نہیں آیا۔ کتاب اس قابل ہے کہ علمی ذوق رکھنے والے اصحاب اس کا مطالعہ کریں۔

God Soul & Universe in Science and Islam

ولفہ سر محمد یامین خاں سی، آئی، ای۔ قیمت: دو روپے آٹھ آنے۔

شائع کردہ:۔ شیخ محمد اشرف، کشمیری بازار، لاہور۔

اس انگریزی کتاب میں خدا، روح، حشر و نشر، وحی، نبوت وغیرہ کی سائنٹفک توضیح کرنے کی سعی کی گئی ہے، مگر اس سعی کو کامیاب کہنے میں ہمیں تامل ہے۔ پوری بحث کی گاڑی اسی "سائنٹفک تفلسف" کی پٹڑی پر چلائی گئی ہے جس کو سرسید خاں مرحوم کے اسکول نے اسلامیات کی دنیا میں بچھایا تھا۔ الہامی حقائق کو پیش کرنے کے لیے نہ تو کمسٹری کی لیبارٹری کے آلات موزوں ہیں اور نہ ارسطو اور افلاطون کی منطق بازی اور فلسفہ آرائی۔ یہ ایک جداگانہ موضوع ہے اور اس کی ایک علیحدہ حکمت ہے۔ اس حکمت کو انبیاء سے حاصل کرنا چاہیے۔ مگر نیک نیت مؤلف سر محمد یامین نے خود ہی یہ معذرت کردی ہے کہ وہ اسلامیات میں مہارت نہیں رکھتے۔ اس کے ساتھ ان کی کتاب بتاتی ہے کہ وہ فلسفہ سے بھی کچھ زیادہ استفادہ نہیں کرسکے ہیں۔ پس کچھ عجب نہیں کہ ان کی سعی کا تیر نشانے پر نہ بیٹھا ہو۔

زبان سادہ اور عام فہم تر ہے مگر محاورہ کی لغزشیں ضرور پائی جاتی ہیں۔ یہ بات بھی قابل غور ہے کہ مصنف نے خدا کے واحد ہونے کو "Unit" (یعنی اکائی) کے لفظ سے ادا کرتے ہیں "جبارت" سے تو کام نہیں لیا ہے؟

فلکیات وغیرہ کے متعلق جو کچھ معلومات جمع کی گئی ہیں وہ خوب دلچسپ ہیں۔

نبوت کا ظہورِ اتم

از خواجہ کمال الدین مرحوم۔ قیمت درج نہیں۔

ملنے کا پتہ: مسلم بک سوسائٹی، عزیز منزل، برانڈرتھ روڈ۔ لاہور